# Retirement Plan



Samba Bank Limited

Jubilee LIFE INSURANCE

samba سامبا

ریٹائرمنٹ زندگی کا وہ مرحلہ ہے جب ہر شخص اپنی پریشانیاں ایک طرف رکھ کر آرام اور اپنی کامیابیوں پر فخر کرنا چاہتا ہے۔ ریٹائرمنٹ پلان آپکو اپنی طویل مدتی مالی ضروریات کے لئے پلان کرنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کی غیر یقینی صورتحال سے تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔

**فوائد (Benefits)**

1۔ آپ کی بچت سے آپ کی پسند کے مطابق جوبلی لائف کے ماہر سرمایہ کاروں کے زیر نگرانی فنڈز میں سرمایہ کاری کی جائے گی، جو اس امر کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کی بچت منظم اور مستحکم رہے گی۔

2۔ اگر آپ اپنا منصوبہ 4 سال سے زائد مدت کے لئے جاری رکھتے ہیں تو آپ کنٹیجنٹ بونس کے حقدار ہوں گے۔ جس سے آپ کی سرمایہ کاری میں تیز رفتاری سے اضافہ ہوگا۔

3۔ آپ کو پالیسی کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی بچت کے ذریعے سرمایہ کاری کا اختیار ہے جس سے آپ کی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔

4۔ پالیسی کے دو سال مکمل ہونے کے بعد آپ اپنے فنڈز (کلی یا جزوی طور پر) نکلوانے کا اختیار رکھتے ہیں۔

5۔ آپکے خاندان اور آپکے پیاروں کے لئے یقینی لائف انشورنس تحفظ کی فراہمی، جب آپ اپنی ریٹائرمنٹ کے لئے بچت کر رہے ہوں۔

درج بالا کے علاوہ آپ مندرجہ ذیل فوائد بھی اختیار کر سکتے ہیں۔

**فیملی انکم بینیفٹ: (Family Income Benefit)**

آپ کی (خدانخواستہ) موت کی صورت میں، آپ کے خاندان کو پالیسی کی مدت کے اختتام تک ایک متواتر اضافی رقم باقاعدہ ادا کی جائے گی۔ جو دیگر فوائد کے علاوہ ہوگی۔

**حادثاتی موت:(Accidental Death)**

حادثاتی موت کی صورت میں، ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

**پریمیئم کی چھوٹ:(Waiver of Premium)**

اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کا شکار ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے آپ اپنے پیشہ وارانہ امور سرانجام دینے سے قاصر ہیں یا کوئی دوسرا پیشہ جو آپ کی تعلیم، تجربہ کی بنیاد پر کم از کم چھ ماہ تک انجام نہیں دے سکتے تو آئندہ پریمیئم، پریمیئم کی واجب الادا تاریخ سے معاف سمجھا جائے گا۔

**اکثر پوچھے جانے والے سوالات:**

**کیا میں اس منصوبے کا اہل ہوں؟**

یہ منصوبہ سامبا بینک لمیٹڈ کے اُن صارفین، جن کی عمریں 18 سے 65 سال تک ہیں کے لئے دستیاب ہے۔

**پریمیئم کی کم سے کم رقم کیا ہوگی؟**

منصوبے کا کم سے کم پریمیئم -/24,000 روپے سالانہ ہے۔

### منصوبے کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مدت کتنی ہے؟

منصوبے کی مدت 10 سے 57 سال تک ہے۔ آپ اپنی ریٹائرمنٹ کی عمر 55 سے 75 سال تک منتخب کر سکتے ہیں۔

### کیا میرے پاس پنشن حاصل کرنے کا کوئی آپشن ہے؟

اگر پلان کی تکمیل پر پالیسی ہولڈر کی عمر 55 سال یا زائد ہو تو اسکے پاس یہ آپشن ہوگا کہ وہ اپنی کیش ویلیو کو پنشن کی خریداری کے لئے استعمال کر سکے جو کہ خاص طور سے ایسے افراد کے لئے تشکیل دی گئی ہے جو ریٹائرمنٹ پر یکمشت رقم کی جگہ متواتر آمدنی کو ترجیح دیتے ہیں۔

### کیا منصوبہ کوئی "مفت تجرباتی مدت" پیش کرتا ہے؟

جوبلی لائف آپ کو 30 دن کے مفت تجرباتی دورانیے کی سہولت پیش کرتی ہے تاکہ آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکیں اور چاہیں تو پالیسی منسوخ کر سکیں۔ پالیسی دستاویز وصول ہونے کے 30 دن کے اندر آپ کی جانب سے دی گئی درخواست پر آپ کا ادا کردہ پریمیئم آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف کو یہ اختیار ہے کہ وہ آپ کے طبی تجزیوں کے مد میں کئے جانے والے اخراجات منہا کر لے۔

### میں اپنے سم ایشورڈ کا حساب کس طرح کر سکتا ہوں؟

آپ کی ناگہانی موت کی صورت میں، آپ کا خاندان یا پیارے سم ایشورڈ یا کیش ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہوگا وصول کریں گے۔ آپ اپنے سم ایشورڈ کا حساب نیچے دی گئی مثال کے مطابق کر سکتے ہیں۔

**مثال:**

آپ کی پالیسی کا سالانہ پریمیئم -/100,000 روپے ہے اور کورملٹی پل 10* ہے۔

سم ایشورڈ = سالانہ بنیادی پریمیئم X کورملٹی پل

= 100,000 X10 روپے

=1000,000 روپے سم ایشورڈ ہے۔

پالیسی ہولڈر کو دستیاب کورملٹی پل (پیش کردہ 5 سے 10 تک) *اندراج میں بیمہ دار کی پالیسی لیتے وقت عمر پر منحصر ہے۔

### میں کیش ویلیو کا تعین کس طرح کر سکتا ہوں؟

کیش ویلیو = آپ کے یونٹ اکاؤنٹ کے یونٹس کی تعداد X

یونٹ پر لاگو قابل واپسی قیمت

مثال کے طور پر آپ کے یونٹ اکاؤنٹ کے یونٹس کی تعداد 1,000 ہے اور یونٹ پر لاگو قابل واپسی قیمت -/800 روپے ہے۔

=1000 X 800 روپے فی یونٹ

-/800,000 روپے کیش ویلیو ہے۔

### کیا مجھے اس منصوبے کو خریدنے سے پہلے کسی طبی معائنے کی ضرورت ہے؟

طبی معائنہ کا انحصار صارف کی عمر اور سم ایشورڈ پر ہوتا ہے۔ برائے مہربانی مزید تفصیلات کے لئے سامبا بینک لمیٹڈ کے

ریلیشن مینجر سے رابطہ کریں۔

### کیا میں اپنی بچت تک رسائی حاصل کرسکتا ہوں؟

جی ہاں ریٹائرمنٹ پلان آپ کو آپ کے فنڈز سے (جزوی یا کلی طور پر) دستبردار ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ بشرطیکہ پالیسی کی مدت کے دوسال کی تکمیل پر آپ نے دوسال کا پریمیئم ادا کیا ہو۔

### جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کے تحت اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں لیکن اپنی پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے۔ آپ جتنی رقم چاہیں نکلوا سکتے ہیں اگر آپ کی پالیسی کی کیش ویلیو (جوبلی لائف کی جانب سے مقرر کردہ) دستبرداری کے بعد -/24,000 روپے کے مساوی یا اس سے زائد ہو۔

### مکمل دستبرداری:

پالیسی سے دستبرداری کے وقت آپ کو اپنے فنڈ کی مکمل کیش ویلیوادا کی جائے گی۔ تاہم ابتدائی سالوں میں دستبردار ہونے کے نتیجے میں کیش ویلیو کم ہوگی۔

### کیا میں مزید سرمایہ کاری کرسکتا ہوں اگر مجھے اضافی فنڈز دستیاب ہوں؟

پالیسی کی مدت کے دوران آپ کے پاس اضافی فنڈز دستیاب ہونے کی صورت میں ریٹائرمنٹ پلان آپ کو سرمایہ کاری کی اجازت دیتا ہے اور باقاعدہ سرمایہ کاری سے آپ کے فنڈ میں اضافہ ہوگا۔

### کیا یہ منصوبہ مجھے انڈیکسیشن کا اختیار دیتا ہے؟

جی ہاں، یہ منصوبہ آپ کو انڈیکسیشن کا اختیار دیتا ہے۔ بڑھتے ہوئے افراطِ زر سے مقابلے کے لئے آپ کا سم ایشورڈ اور پریمیئم ہر سال خود بخود بڑھتا رہے گا۔ یہ اضافہ بغیر کسی طبی معائنے کے جوبلی لائف کی جانب سے طے کردہ حد تک ہوگا۔

بے شک، آپ چاہیں تو اس اضافے کو مسترد کردیں اور اپنی پالیسی کو اپنی ضرورت کے مطابق پہلے کی شرائط وضوابط سے یا آپ اپنی ضرورت کے مطابق اپنی پسند کے کم اضافے کے تحت جاری رکھ سکتے ہیں۔

### منصوبے کی تکمیل پر مجھے کون سے فوائد ملیں گے؟

منصوبے کی منتخب کردہ مدت کے اختتام پر آپ کو یکمشت کیش ویلیوادا کردی جائے گی۔ اگر تکمیل پر آپکی عمر 55 سال یا زائد ہے تو آپکے پاس آپشن ہے کہ آپ اپنی کیش ویلیو کو پنشن خریدنے میں استعمال کرسکیں۔

### کسی کلیم کی صورت میں میں کس سے رابطہ کروں؟

کلیم کے معاملات کے سلسلے میں جوبلی لائف سے 554 111 111 021 پر رابطہ کریں۔

### شکایات اور معلومات کے لئے مجھے کیا کرنا ہوگا؟

آپ جوبلی لائف سے کسی بھی پراڈکٹ کی معلومات / شکایات کے سلسلہ میں 554 111 111 021 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ آپ سامبا فون 72622 11 11 پر بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

## میرے پریمیئم کو سرمایہ کاری کے لیے کس تناسب سے مختص کیا جاتا ہے؟

آپ کے پریمیئم پر سرمایہ کاری مندرجہ ذیل جدول کے مطابق ہوگی۔

| پالیسی سال | تقسیم % (بنیادی سالانہ پریمیئم کے مطابق) |
|---|---|
| 1 | 30% |
| 2 | 85% |
| 3 | 90% |
| 4 اور اس سے زائد | 100% |
| ایڈ ہاک (اضافی بچت کے ذریعے سرمایہ کاری) | 100% |

## کنٹینیوٹی بونس کیا ہے؟

اگر آپ بغیر کسی وقفہ کے چار سال تک اپنا منصوبہ جاری رکھتے ہیں تو آپ Continuity Bonus کے حقدار ہوں گے۔ یہ اضافی یونٹ کی شکل میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں مختص کیے جائیں گے۔ ان اضافی یونٹس کے ذریعے آپ کی سرمایہ کاری میں تیزی سے اضافہ ہوگا، قطع اس کے کہ آپ کیا ادا کر رہے ہیں۔ بنیادی منصوبہ کے پریمیئم کے اضافی یونٹس کی تقسیم کا تناسب مندرجہ ذیل ہے۔

| پالیسی سال | اضافی تقسیم % |
|---|---|
| 5 سال اور اس سے زائد | 3% |

اضافی یونٹوں کی تقسیم بنیادی یونٹوں کے علاوہ ہے۔

## میرے منصوبے پر کون سے دیگر چارجز لاگو ہوں گے؟

آپ کے منصوبے پر درج ذیل چارجز* لاگو ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| بڈ / آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5% |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ |
| انتظامی چارجز | 55 روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | عمر کی بنا پر رسک کی بنیاد پر |
| سوئچنگ / ری ڈائریکشن | -/500 روپے پاکستانی، اگر آپ ایک سال میں چار مرتبہ سے زائد سوئچنگ / ری ڈائریکشن کرتے ہیں۔ |

* جوبلی لائف تمام معاوضوں پر نظر ثانی کر سکتی ہے اور تبدیل بھی کر سکتی ہے۔

## میں سرمایہ کاری کے اختیارات کو کس طرح منتخب کر سکتا ہوں؟

جوبلی لائف آپ کو درج ذیل فنڈز میں سے کسی ایک کے انتخاب کا موقع فراہم کرتی ہے۔ آپ اپنے پریمیئم کو اپنی پسند کے فنڈ یا دستیاب فنڈ میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

### منیجڈ فنڈ: (Managed Fund)

اس فنڈ کا مقصد حصص (شیئرز)، حکومتی اور دیگر فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور کیش ڈپازٹس کے وسیع انتخاب میں سرمایہ کاری کے

ذریعے سرمائے کو بڑھانا ہے۔

### یقین گروتھ فنڈ: (Yaqeen Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد اُن سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے جو مارکیٹ کے اُتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئنڈ سرمایہ کاری سے زیادہ منافع حاصل کر سکتے ہیں۔

### میثاق فنڈ: (Meesaq Fund)

اس فنڈ کا مقصد سرمایہ کاروں کو بلا سود سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میثاق فنڈ کی سرمایہ کاری منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامک بینک کے مختصر معیاد کے ڈپازٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینک کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر کارآمد بلا سود سرمایہ کاری کے شعبوں میں کی جاتی ہے۔

### کیپٹل گروتھ فنڈ: (Capital Growth Fund)

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پر مبنی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ جن میں ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس سے بینک ڈپازٹس تک مختلف طریقوں سے سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔

### کیا میں فنڈز کے درمیان آسانی سے سوئچ کر سکتا ہوں؟

جوبلی لائف آپ کو ہر پالیسی سال کے دوران مفت چار سوئچ کرنے کی اجازت فراہم کرتی ہے۔ پانچویں مرتبہ سوئچ کرنے پر آپ پر چارجز لاگو ہوں گے جو آپ کے یونٹ اکاؤنٹ / کیش ویلیو سے سوئچ کرنے سے قبل ہی کاٹ لئے جائیں گے۔ میثاق فنڈ پر سوئچ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

### نوٹ:

اس بروشر میں ریٹائرمنٹ پلان کی جنرل آؤٹ لائن دی گئی ہیں۔ منصوبہ اور اضافی فوائد کی تفصیلات پالیسی دستاویزات میں پیش کی گئی ہیں۔

اعلانات:

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف کی تحریر کردہ ہے۔ سامبا بینک یا اس کے متعلقین اس کی ضمانت یا یقین دہانی سے قاصر ہیں اور یہ سامبا بینک کی پراڈکٹ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف کے فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی کرے، کوئی بھی کی گئی پیشن گوئی ضروری نہیں کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کو ظاہر کرے اس سلسلہ میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی سامبا بینک پر اس کی ذمہ داری عائد ہوگی۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپ کو ہمارا سیلز نمائندہ فراہم کرے گا۔ جدول کی تفصیلات کو سمجھنے کے لئے دیگر شرائط وضوابط کا مطالعہ کریں۔
- مختلف شرائط وضوابط کو سمجھنے کے لئے پالیسی دستاویزات دیکھیں۔
- سامبا بینک لمیٹڈ، جوبلی لائف کی جانب سے ریٹائرمنٹ پلان کے تقسیم کار (ڈسٹری بیوٹر) کے طور پر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ اور اس سلسلہ میں کسی بیمہ دار، فوائد یا کسی تیسری پارٹی کے معاملات کا ذمہ دار نہ ہوگا۔
- جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ہی اس پلان کی تحریر کردہ ہے اور اس کے انشورنس کور کی ذمہ دار ہے بیمہ دار یا اُس کے ورثاء کے کلیم کی بھی ذمہ دار ہے۔

**جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

ہیڈ آفس : A-74/1، لالہ زار۔ ایم ٹی خان روڈ کراچی۔ 74000۔ پاکستان
فون نمبر : (021) 35611071-5, 35611802-8
فیکس : (021) 35610959, 34322022
ای میل : info@jubileelife.com
ویب سائٹ : www.jubileelife.com
یو اے این : 111 111 554 (111 111 JLI)
ایس ایم ایس : 8282 پر "JLI"

**سامبا بینک لمیٹڈ**

ہیڈ آفس : چھٹا فلور، سیڈ کو ایونیو سینٹر، مولانا دین محمد وفائی روڈ، صدر کراچی۔ 74000
یو اے این : +92-21-111-999-333
فیکس : +92-21-3568-5442
سامبا فون بینکنگ : 11 11 Samba (72622)
ویب سائٹ : www.samba.com.pk

samba سامبا

# Samba Bank Limited

## Head Office

6th Floor, Sidco Avenue Centre, Maulana Deen Mohammad Wafai Road, Saddar
Karachi - 74000. UAN: +92-21-111-999-333, Fax: +92-21-3568-5442

## Branch Network

### KARACHI

**Bahria I**
Bahria Complex 1,
24 M.T. Khan Road, Karachi
Tel : +92-21-35610391, 35611146
Fax : 35610830

**DHA Phase VI**
26th Street, Phase VI, DHA, Karachi
Tel : +92-21-35340737 Fax : 35340149

**Clifton**
Commercial Property No. GPC-4, Block-5,
Clifton, Scheme-5, Karachi
Tel : +92-21-35364297-8 Fax : 35364296

**Bahadurabad**
Al-Haram Tower II, Plot No. 35 - P/1 Block - 3,
Bihar Muslim Cooperative Housing Society, Karachi
Tel : +92-21-34860254-9 Fax : 34860255

**DHA Ittehad**
Plot # 106-C, 11th Commercial Street, Phase 2 Extension, Main
Khayaban-e-Ittehad, D.H.A., Karachi
Tel : +92-21-35318246-7 Fax : 35318245

**SITE**
B-53, S.I.T.E
Near Siemens Chowrangi
Tel : +92-21-32550123-7 Fax : 32574930

**Fountain**
270/1/A Maulana Deen Muhammad
Wafai Road Saddar, Karachi
Tel : +92-21-35684932 Fax : 35689113

**Rashid Minhas**
Billy's Tower, Main Rashid Minhas Road, Karachi
Tel : +92-21-34026823-24 Fax : 34029601

**Shahra-e-Faisal**
Ibrahim Trade Tower, 8 Maqbool
Co-operative Housing Society,
Shahrah-e-Faisal, Karachi
Tel : +92-21-34322220-3 Fax : 34322109

**Gulshan-e-Iqbal**
Five Star Plaza Sub-Plot No. SB-11/11,
Block-13-C, KDA Scheme No. 24,
Gulshan-e-Iqbal, Karachi
Tel : +92-21-34830507-8 Fax : 34930509

**Hyderi Branch**
Block H, Hyderi, North Nazimabad, Karachi
Tel : +92-21-36646008-10 Fax : 36646011

### LAHORE

**Mall Road**
48, Shahrah-e-Quaid-e-Azam, The Mall Lahore
Tel : +92-42-36302063-7 Fax : 36363062

**DHA**
74-Z, Commercial Phase III, DHA, Lahore
Tel : +92-42-35735845-6 Fax : 35742841

**Cavalry Road**
Plot No. 86, Commercial Area, Cavalry Ground Walton
Cantt, Lahore
Tel : +92-42-36619712-9 Fax : 36619720

**Garden Town Road**
Asia Centre, Plot No.8, Babar Block, Main
Boulevard, New Garden Town, Lahore
Tel : +92-42-35941163 Fax : 35941164

**Sarwar Road**
31A - Sarwar Road near Police Station
Lahore Cantt, Lahore
Tel : +92-42-36603801 - 5 Fax : 36603810

**Gulberg**
91-D1, Main Boulevard, Gulberg III, Lahore
Tel : +92-42-111999333 Fax : 35781590

**Allama Iqbal Town**
132-Jehanzeb Block, Main Boulevard Allama Iqbal Town, Lahore
Tel : +92-42-37812682-4 Fax : 37812690

**Circular Road**
75-Circular Road, Outside Akbari Gate, Lahore
Tel : +92-42-37664891 Fax : 37666205

### ISLAMABAD / RAWALPINDI

**Razia Sharif**
Razia Sharif Plaza, Fazal-ul-Haq Road,
Blue Area, Islamabad
Tel : +92-51-111999333 Fax : 2825629

**F10**
Mustafa Mansion 1-Q, 1-R Main Double Road
F-10 Markaz, Islamabad
Tel : +92-51-2103156-8 Fax : 2103157

**F7**
Building # 13-T, F-7 Markaz, Near to Post Mall, Islamabad
Tel : +92-51-2608171-5 Fax : 2608190

**Saddar Branch, Rawalpindi Cantt.**
43/C, Bank Road, Saddar Bazar,
Rawalpindi Cantt.
Tel : +92-51-5565693-5 Fax : 5565690

### GUJRANWALA

Plaza Arshad Tower Near Gulshan Iqbal Park, Main G.T. Road,
Gurjanwala
Tel : +92-55-3842901 Fax : +92-55-3842902

### FAISALABAD

P-74, Liaquat Road, Opp. Police Line, Faisalabad
Tel : +92-41-2604901-5 Fax : 2540102

### SIALKOT

House No.1, Street No. 1, Abdullah Mansion, Nishat Park, Paris
Road, Sialkot
Tel : +92-52-4273709, 4273740 Fax : 4273730

### MULTAN

Golden Heights Plaza, Nusrat Road , Multan
Tel : +92-61-4516470 Fax : 4516940

### PESHAWAR

6-D, Saddar Road, Peshawar Cantt, Peshawar
Tel : +92-91-5272481-2 Fax : 5270952

For further information
please visit www.samba.com.pk
or simply call SambaPhone Banking 11 11 SAMBA (72622)

**Samba Bank Limited**